# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT OF KHYBER PAKHTUNKHWA

No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2024/ 4241
Dated Peshawar, the 09 /04/2024.

**MOST IMMEDIATE**
**ASSEMBLY BUSINESS**
**PH # 091-9210489 Ext: (1216)**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa.

Subject: - **PROVISIONAL ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 3RD SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir/Madam,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under Rule 37 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at **Annexure-I**.

**2.** The questions in 1st, 2nd, 3rd, 4th and 5th groups at **Annexure-II** will be taken-up in the upcoming 3rd Session of the Assembly. However, less than ten days notice of question from the day of answering would be deleted from the list, if Session is summoned, shortly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be furnished at the earliest.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, for any embarrassment of the Minister, the Department will be responsible.

**Note: -** **Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

For
**(MALIK HASAN ZEB)**
**ASSISTANT SECRETARY-VII.**

E. No. PA/Khyber Pakhtunkhwa/L-II (Q) /2024/ 4242 Dated 09 /04/2024.

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. The Additional Secretaries I & IV, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Additional Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for official website.
9. The Deputy Secretaries IV, V & VI, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. The Assistant Secretaries II, IV & VII, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The P.S to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa.
12. The Assistant Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.

For
**ASSISTANT SECRETARY-VII.**

**ANNEXURE-I**

## PROVISIONAL ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 3RD SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 01st | To be fixed after summoning of Session | • Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education<br>• Energy & Power<br>• Inter Provincial Coordination |
| 02nd | To be fixed after summoning of Session | • Agriculture<br>• Local Government, Elections & Rural Development |
| 03rd | To be fixed after summoning of Session | • Culture, Tourism, Archaeology & Museum<br>• Home & Tribal Affairs<br>• Planning & Development<br>• Health |
| 04th | To be fixed after summoning of Session | • Labour<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |
| 05th | To be fixed after summoning of Session | • Finance<br>• Administration<br>• Irrigation |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

تیسرے اجلاس کا پہلا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Mar 12, 2024 -- 12:52 PM - Tue
**Question # 11** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر توانائی و برقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں قدرتی گیس کے ذخائر / کنویں موجود ہیں جن سے یومیہ کافی مقدار میں گیس کی پیداوار حاصل ہوتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(ا) مذکورہ گیس کے ذخائر / کنویں کن کن اضلاع میں واقع ہیں مکمل تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

(۲) نیز گیس کے ہر ایک کنوئیں کی یومیہ پیداوار کتنی ہے ہر ایک کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:34 PM - Wed
**Question # 2** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا میں لائبریریاں قائم کی گئی ہیں؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو یہ لائبریریاں کن کن اضلاع میں قائم کی گئی ہیں؟ ان لائبریریوں میں موجود کتابوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:35 PM - Wed
**Question # 34** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر بین الصوبائی رابطہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ آئین کے تحت مشترکہ مفادات کونسل کے ہر سال متعین شدہ وقت میں اجلاس منعقد ہوتے ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ وزیر اعظم کسی صوبے کی درخواست پر مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس ہنگامی بنیادوں پر بھی بلا سکتا ہے؟

(ج) اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(ا) سال 2018، 2019 اور 2020 میں مشترکہ مفادات کونسل کے متعین شدہ وقت میں کتنے اجلاس منعقد ہوئے ہیں سالانہ تفصیل فراہم کی جائے

(۲) سال 2018 سے 2020 تک صوبے کی درخواست پر کتنے اجلاس بلائے گئے ہیں سالانہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(۳) مذکورہ تمام منعقد شدہ اجلاسوں میں کون سے فیصلے کئے گئے ہیں ہر ایک اجلاس کا ایجنڈا اور اس کی روداد فراہم کی جائے

(۴) اب تک ان منعقد شدہ اجلاسوں میں کئے گئے فیصلوں پر کتنا عملدرآمد ہوا ہے اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:40 PM - Wed
**Question # 22** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیا وزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسماعیل خان کے بیشتر ملازمین کے پنشن کیسز التواء میں پڑے ہوئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) گومل یونیورسٹی ہر سال پنشن کی مد میں کتنی رقم خرچ کرتی ہے؟

(ii) اب تک پنشن کی مد میں کتنے ملازمین کے کیسز زیر التواء ہیں۔

(iii) پنشن کی مد میں زیر التواء کیسز کے ملازمین کے نام اور ان کے بقایاجات کی تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:50 PM - Wed
**Question # 10**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی و برقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا)آیایہ درست ہے کہ صوبے میں خام تیل کے ذخائر موجود ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ ان خام تیل کے ذخائر سے یومیہ ہزاروں بیرل تیل کی پیداوار حاصل ہوتی ہے؟

(ج)اگر(ا)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(ا)اس وقت صوبے میں کتنے خام تیل کے ذخائر موجود ہیں ان کی تفصیل تحصیل و ضلع وائز فراہم کی جائے؟

(۲)نیز کنوؤں سے یومیہ کتنی بیرل پیداوار حاصل ہوتی ہے ان کی تفصیل کنواں وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 27, 2024 -- 11:11 AM – Wed
**Question # 41**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2024 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر توانائی و برقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ دوبیر ہائیڈل پاور پراجیکٹ نے سال 2014 سے باقاعدہ طور پر کام کا آغاز کیا تھا؟

(ب)اگرالف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ پراجیکٹ کے زریعے ضلع کوہستان کو سال 2014 سے تاحال نیٹ ہائیڈل کی مد میں کتنا حصہ ملا ہے؟ سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے نیز آنے والے سال میں کتنا حصہ ملے گا اسکی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 27, 2024 -- 11:14 AM - Wed
**Question # 42**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2024 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 32 میں ایک بھی گورنمنٹ گرلز ہائی سکول (GGHS) نہیں ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ پورے ضلع میں ایک بھی (GGHS) گرلز ہائی سکول نہیں ہے؟

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(i)پورے ضلع میں ایک بھی (GGHS) گرلز ہائی سکول اب تک کیوں نہیں بنایا گیا ہے؟

(ii)اہل علاقہ کی غریب عوام کی خاطر کب تک گرلز ہائی سکول بنایا جائے گا اور اس پر کام کب سے شروع ہو گا؟

(iii)تاحال گرلز ہائی سکول نہ ہونے کی وجوہات بمعہ تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 27, 2024 -- 11:15 AM - Wed
**Question # 43**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2024 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ حلقہ پی کے 32 لوئر کوہستان میں مختلف کیٹگری کے سکول موجود ہیں؟

(ب)اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)حلقہ پی کے 32 میں موجودہ سکولوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور کہاں کہاں پر واقع ہیں؟ کیٹگری وائز یونین کونسل وائز تفصیل فراہم کی جائے

(ii)ہر ایک سکول میں موجود طلباء کی تعداد اور ڈیوٹی پر مامور عملہ کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

تیسرے اجلاس کا دوسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:32 PM - Wed
**Question # 12**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (پی ڈی اے) محکمہ ھذا کی زیر نگرانی کام کر رہا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ 24 مارچ 2022 کو PUDB بورڈ میٹنگ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کی سربراہی میں ہوئی؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس میٹنگ کا نوٹیفیکیشن No: SOE(LG)/2-188/PUDB/2019 dated 15/04/2022 کو جاری ہوا؟

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ میٹنگ میں (Leave Encashment (365 days کی منظوری فنانس ڈیپارٹمنٹ کے نوٹیفیکیشن No. SO(FR)FD/5-92/2005/RO-IV/6040 مورخہ 25-07-2017 کے تحت دی گئی۔

(ذ) اگر (ا) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:۔

(i) سال 2012 سے لیکر 2022-04-15 تک پی ڈی اے میں گریڈ ایک سے لیکر گریڈ 16 تک اور گریڈ 17 سے لیکر گریڈ 19 تک کتنے ملازمین ریٹائرڈ ہوئے ان کے نام بمعہ عہدہ، ریٹائرمنٹ تاریخ اور اس مد میں ان ریٹائرڈ ملازمین کو کل کتنی رقم ادا کی گئی کی مکمل تفصیلات مہیا کی جائے۔

(ii) اس دوران کتنے ملازمین کے لیے Leave Encashment 365 days کی منظور ہوئی اور کتنے ملازمین کی Leave encashment 180 days کی منظوری ہوئی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:33 PM - Wed
**Question # 16**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بی آر ٹی پراجیکٹ پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی زیر نگرانی مکمل کیا گیا؟ جس میں اے ڈی پی سکیم کے تحت پشاور بس سٹینڈ بھی شامل تھا؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پی ڈی اے محکمہ بلدیات کے زیر سایہ کام کرتی ہے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو بی آر ٹی اور پشاور بس سٹینڈ کی تعمیر کیلئے پشاور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے اکاؤنٹ سے اب تک کتنی رقم لی گئی ہے اس کی تفصیل مہیا کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:36 PM - Wed
**Question # 29**
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**Mr. Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Agriculture stated that:
(a) What is the district wise yield per hectare of major crops e.g wheat , rice , sugarcane and tobacco etc for the year 2016,2017,2018 and 2019.

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:37 PM - Wed
**Question # 27**
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**Mr. Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Agriculture states that:
(a) Is it true that cultivatable waste land exists in the Province?
(b) If yes, then District wise detail of cultivatable waste land may be provided.

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:38 PM - Wed
**Question # 28**
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**Mr. Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Agriculture states that:.
(a) Is it true that the Government has started Gomal Zam Dam Command Area Development Project?
(b) If reply to the Question is in affirmative then kindly provide the following details:
(i) Expenditures occurred so for on the project;
(ii) Physical progress report; and
(iii) Progress report of each and every contract awarded under this project.

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

تیسرے اجلاس کا تیسرا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:30 PM - Wed
**Question # 1**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا)آیایہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام 21-2020 کے لیے صوبے میں بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار بڑھانے کیلئے منصوبہ شامل کیا گیا تھا؟

(ب)اگرالف کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کتنے بنیادی مراکز صحت ہیں؟اوران میں سے کن کن بنیادی مراکز صحت کی استعداد کار کو بڑھایا گیا ہے؟ تحصیل وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:39 PM - Wed
**Question # 23**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیرامداد، بحالی وآبادکاری ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ مورخہ 24مارچ2018 کوڈیرہ اسمعیل خان بمقام سکندر جنوبی تحصیل پُروامیں بم دھماکہ ہوا تھا؟

(ب)اگرالف کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ بم دھماکے میں کتنے افراد زخمی / شہید ہوئے تھے اور مذکورہ متاثرہ لوگوں کیلئے حکومت کی طرف سے اب تک کیا اقدامات اٹھائیں گئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:45 PM - Wed
**Question # 14**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا)آیایہ درست ہے کہ مالی سال19-2018،20-2019اور21-2020 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے منصوبہ بندی کی گئی تھی؟

ب)اگرالف کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i)مالی سال19-2018،20-2019اور21-2020 کے ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے کتنے نئے منصوبے شروع / منظور کئے گئے تھے؟

(ii)ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال19-2018اور20-2019 کے دوران جاری ترقیاتی منصوبوں کی تفصل، کام کی نوعیت اور مدت تکمیل کی تفصیل الگ الگ فراہم کی جائے۔

(iii)ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں مالی سال19-2018اور20-2019 میں جاری منصوبوں کا تخمینہ لاگت کتنا ہے اور ضلع کے کون کونسے حلقوں میں یہ منصوبے جاری ہیں تمام منصوبوں کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے

(iv)مالی سال21-2020 کے نئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کیلئے جو نئے منصوبے شامل ہوئے ہیں ان کی حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:51 PM - Wed
**Question # 4**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:۔

(ا)آیایہ درست ہے کہ محکمہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک Child Care Hospital&Mother تعمیر کرنا چاہتا ہے؟

(ب)اگرالف کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک اس کی تعمیر کے حوالے سے کتنا ہوم ورک مکمل کیا گیا ہے نیز مذکورہ ہسپتال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کس جگہ پر تعمیر کیا جائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:58 PM - Wed
**Question # 8**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر کھیل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) صوبہ خیبر پختونخوا میں سال 20-2019 اور 2021 کے کرکٹ سیزن میں کتنے فرسٹ کلاس میچز کھیلے گئے؟

(ب) صوبہ خیبر پختونخوا میں فرسٹ کلاس Grade-1 معیار کے کتنی میدان Stadiums موجود ہیں ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 27, 2024 -- 11:12 AM - Wed
**Question # 40**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Apr 03, 2024 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حلقہ PK-32 لوئر کوہستان میں مختلف قسم کے BHUs اور RHCs کے ساتھ ایک THQ ہسپتال بھی موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) مذکورہ BHUs اور RHCs میں کتنے فعال اور غیر فعال ہیں؟ غیر فعال کی وجوہات بتائی جائیں۔

(ii) مذکورہ THQ ہسپتال پٹن میں کون کونسا عملہ تعینات ہے اور اہل علاقہ کو کیا کیا سہولیات دی جارہی ہیں؟

(iii) آیا THQ ہسپتال دونوں تحصیلوں کے لئے کافی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

تیسرے اجلاس کا چوتھا گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:31 PM - Wed
**Question # 3سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر لیبرازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبے میں خشت بھٹیاں موجود ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ان بھٹیوں میں مزدور بھی کام کرتے ہیں؟

(ج) اگر (الف)اور(ب) کے جوابات اثبات میں ہو تو:-

(i) صوبے میں بھٹہ خشت کی تعداد کتنی ہے.

(ii)ان بھٹیوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی تعداد کتنی ہے اور یہ مزدور ورکرز ویلفئیر بورڈ کیساتھ رجسٹرڈ ہیں کہ نہیں.

(iii)ان بھٹیوں میں کام کرنے والے مزدوروں کو حکومت کی جانب سے کونسی مراعات ملتی ہیں، تفصیل فراہم کی جائے.

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:44 PM - Wed
**Question # 13**
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Environment/Wildlife state that:.
(a) Is it true that every year the Government issue hunting licenses to the hunters of the Province?
(b) If the reply is in affirmative then:-
(i) How many hunters applied for hunting licenses in 2019?

(ii) How many hunting licenses have been issued to the hunters in 2019? and
(iii) How much fees collected from them detail may be provided.

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 01:02 PM - Wed
**Question # 24سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاری ومحاصل ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیایہ درست ہے کہ صوبے میں تمباکو کاشت کرنے والے اضلاع موجود ہیں؟

(ب)اگرالف کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2020 سے 2021 تک مذکورہ اضلاع کو Tobacco Development Cess کی مد میں کتنا کتنا فنڈ فراہم کیا گیا ہے اس کی سالانہ تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 01:06 PM - Wed
**Question # 33سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے محکمہ ایکاری ومحصولات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) خیبر پختونخوا حکومت نے مالی سال 2019-2020 اور 2021 میں سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کی مد میں کتنی رقم فیڈرل بورڈ آف ریونیو کو جمع کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

تیسرے اجلاس کا پانچواں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:47 PM - Wed
**Question # 26**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور میں صوبائی حکومت کے زیر نگرانی مختلف علاقوں میں سرکاری ملازمین کے لئے سرکاری کالونیاں موجود ہیں؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ دراصل یہ تمام سرکاری رہائش گاہیں صرف ان غیر مقامی ملازمین کو الاٹ کی جاتی ہیں جن کے اپنے یا بیوی، بچوں کا پشاور میں کوئی ذاتی گھر نہ ہو؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ جن آفسران اور ملازمین کو یہ سرکاری گھر الاٹ ہوتے ہیں ان سے اس سلسلے میں اسٹامپ پیپر پر باقاعدہ حلفیہ بیان لیا جاتا ہے؟

(د) اگر (ا) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کیا محکمہ انتظامیہ اور اسٹیٹ آفس کے پاس اس رسمی حلف نامہ کے علاوہ بھی کوئی ایسا میکنیزم موجود ہے جس سے یہ پتہ چلے کہ کسی آفیسر اور ملازم کا ذاتی گھر ہے یا نہیں 01/01/2011 سے لے کر تا حال اس بناء پر جتنے سرکاری آفسران اور ملازمین سے سرکاری گھروں کی الاٹمنٹ کینسل کرکے گھر خالی کئے گئے ہیں ان کی مکمل فہرست فراہم کریں۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 12:54 PM - Wed
**Question # 7**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبپاشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ چشمہ رائٹ بنک کنال ڈیرہ اسماعیل خان سے محکمہ واپڈا اور محکمہ آبپاشی کے ذریعے ضلع کی ذیلی نہروں کو کتنے کیوسک پانی فراہم کرتا ہے؟

(ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو چشمہ رائٹ بنک کینال سے ضلع کی جن ذیلی نہروں کو باقاعدہ پانی کی نکاسی کی جاتی ہے اور ان نہروں کے نام اور پانی کی مقدار کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 01:00 PM - Wed
**Question # 17**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبپاشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) ارسا معاہدے (IRSA Accord) کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا کو پانی کا کتنا فیصد حصہ دیا جاتا ہے؟

(ب) متعلقہ پانی کو صوبے کے کن کن اضلاع میں استعمال کیا جاتا ہے نیز غیر استعمال شدہ پانی کونسا صوبہ اور کتنا استعمال کرتا ہے تفصیل فراہم کیا جائے۔

**Notice Date :** Mar 13, 2024 -- 01:05 PM - Wed
**Question # 31**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبپاشی از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(ا) آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا چشمہ رائٹ بینک لفٹ کینال منصوبے سے زرعی لحاظ سے خود کفیل ہو سکتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یہ صوبے کی معیشت کیلئے نہایت اہم منصوبہ ہے؟

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سابقہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے اس اہم منصوبے کی فزیبلٹی اور پی سی ون کو حتمی شکل دینے کے احکامات جاری کئے تھے؟

(د) اگر (ا) و (ب) (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو

(ا) مذکورہ منصوبے کی فزیبلیٹی رپورٹ فراہم کی جائے؟

(۲) منصوبے سے جنوبی اضلاع کی کتنی زمین سیراب ہوگی؟

(۳) منصوبے کا ماسٹر پلان، پی سی ون اور مدت تکمیل کی تفصیلات بھی فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Mar 22, 2024 -- 12:14 PM - Fri
**سوال نمبرQuestion # 39**
**Sent to Dept Date:** Mar 29, 2024 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبہ خیبر پختونخوا کو قومی مالیاتی کمیشن(NFC)ایوارڈ میں سے War on terrorکی مد میں رقم ملتی ہے ؟

(ب)اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو

(i)صوبہ کو ملنے والی مذکورہ رقم قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ کا کتنا فیصد بنتی ہے ؟

(ii)مالی سال-11-2010 سے لیکر اب تک کتنی رقم صوبائی حکومت کو مل چکی ہے، سالانہ وار تفصیل فراہم کی جائے ؟